اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن    اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# مَدَنی مذاکرے کے منتخب سُوال جواب (مختصر وخلاصہ)

| 11 ذوالحجہ 1444ھ | عالمی مدنی مرکز فیضان مدینہ کراچی | 01 جولائی 2023ء |
|---|---|---|

**سوال:** 72 نیک اعمال میں سے نیک عمل نمبر 35 میں **عصر وعشاء کی سُنّتِ قبلیہ** (فرضوں سے پہلے کی سُنّتیں) کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے۔ **عموماً یہ اوقات** مصروفیت کے ہوتے ہیں، یہ سُنّتیں پڑھنے میں **استقامت** کس طرح حاصل ہو؟

**جواب:** ان **سُنّتوں کے فضائل پر نظر رکھی جائے**۔ یاد رہے یہ سنتیں دیگر نوافل سے افضل ہیں۔ یہ اہم سنتیں ہیں۔ حدیثوں میں اس کا تذکرہ ہے۔ یہ نمازوں کا حصہ ہیں۔ جس کی عادت نہیں ہوگی تو وہ پڑھنا شروع کرے تو ہو سکتا ہے شروع میں اس کو مشکل لگے مگر جب پڑھتا رہے گا تو عادت ہو جائے گی۔ **فرمانِ مصطفیٰ** (صلی اللہ علیہ والہ وسلم): **اللہ پاک اس پر رحم فرمائے جو نماز عصر سے پہلے 4 رکعتیں** (سُنّتیں) پڑھتا ہے۔ (سنن ابو داؤد، رقم الحدیث: 1271)

**سوال: حجِ اکبر** کون سا حج ہوتا ہے؟

**جواب:** عمرے کو حجِ اصغر اور **حج کو حجِ اکبر** کہا جاتا ہے۔ جمعے کو جو حج ہوتا ہے اس کا ثواب 70 گُنا ملتا ہے، اس لیے علماء اسے حجِ اکبر (بہت بڑا حج) کہتے ہیں۔ اللہ پاک کرم فرمائے، ہر حج قبول ہو جائے تو وہ حج، **حجِ اکبر** ہی ہے۔

**سوال:** کسی نیک کام پر دُعائیں دے کر نیکی کی دعوت دینے کو کیا **"سُنّت پر عمل کرنا"** کہا جا سکتا ہے؟

**جواب:** جی ہاں۔

**سوال: غصہ بہت آتا ہو تو کیا کیا جائے؟**

**جواب:** اللہ پاک ہمیں بے جا غُصّے سے نجات بخشے۔ غُصّہ نہ آنا **ناممکن** ہے، ایک دن کے بچے کو بھی آتا ہے، سبھی کو غصہ آتا ہے۔ بزرگوں کو بھی غصہ آتا ہے جسے **جلال** کہا جاتا ہے۔ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے ترغیب دلائی ہے کہ اگر کسی ولی اللہ کو غصہ آئے تو آگے سے ہٹ جائیں، ایسا نہ ہو کہ وہ کچھ کہہ دیں تو ویسا ہی ہو جائے کیونکہ اللہ پاک اپنے **مقبول بندوں کی دعا قبول** فرماتا ہے۔ غصہ آئے تو اسے **پی لینا** چاہئے (یعنی اپنے غصے کو قابو کرنا چاہئے/کنٹرول کرنا چاہئے) کہ یہ بھی ثواب کا کام ہے، غصے کا علاج یہ بھی ہے کہ جب غصہ آئے تو **اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ** پڑھ لیں۔ اس وقت اللہ پاک کے غضب کو یاد کیا جائے **حضرت حسن بصری** رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ تُو غصے میں اُچھلتا ہے، **اَب کی اُچھال کہیں تجھے جہنم میں نہ ڈال دے**۔ اس طرح کی باتیں یاد کی جائیں تاکہ غصہ کنٹرول کرنے میں آسانی ہو۔ لاکھ غصہ آئے کسی کے ساتھ لڑنا، گالیاں دینا اور مارنا ہرگز نہیں۔ یہ ذہن بنا لینا کہ **مجھے غصہ بہت آتا ہے، مجھ سے بچ کر رہنا**، مَیں غصے والا ہوں یہ سوچ بھی بندے کو زیادہ غصہ دِلاتی ہے۔ اگر واقعی غصہ کنٹرول ہو جاتا ہو تو اس طرح ذہن بنانے میں بھی حرج نہیں کہ **"پہلے غصہ آتا تھا مگر اَب کنٹرول ہے"**۔

**سوال:** کچھ دن جانور اگر انسان کے ساتھ رہے تو اِسے انسان کے ساتھ اور انسان کو اس سے محبت ہو جاتی ہے، جبکہ انسان ایک دوسرے کے ساتھ برسوں سے رہ رہے ہیں مگر بسا اوقات پھر بھی دلوں میں ایک دوسرے کے بارے میں **بُغض وعداوت** وغیرہ پیدا ہو جاتی ہے، اس بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں؟

**جواب:** انسان، انسان سے محبت نہیں کرتا، ایسا نہیں ہے بلکہ دونوں صورتیں ہیں۔ ہر ایک کو چاہئے کہ بغیر اجازتِ شرعی دوسرے انسان کے بارے میں بغض وعداوت والی چیز اپنے دل میں نہ رکھے۔ ہر ایک اپنے دل کو دوسرے کے بغض وکینے سے پاک رکھے۔ آپس میں محبت، پیار اور عملی طور پر بھائی بھائی بن کر رہے۔

**سوال:** آجکل لوگ شاٹ کٹ کی تلاش میں ہیں، کیا زندگی شاٹ کٹ کے ساتھ گزاری جا سکتی ہے؟ کیا اس سے بندہ کامیاب ہو جاتا ہے؟

**جواب:** بعض شاٹ کٹ تو درست ہیں جیسے آقا صلی اللہ علیہ والہ وسلم **مدینے بُلائیں تو بندہ اڑ کر وہاں پہنچ جائے** یعنی ہوائی جہاز پر۔ پہلے لوگ پیدل، گھوڑوں پر مہینوں کا سفر کر کے جاتے تھے، اب یہ سفر چند گھنٹوں میں ہو جاتا ہے۔ بعض شاٹ کٹ درست نہیں ہوتے جیسے میٹرک کرنا چاہتے ہیں تو 10 سال پڑھنا پڑے گا، درسِ نظامی کرنی ہے تو 8 سال پڑھنا ہو گا۔ مفتی بننے کے لیے مزید ٹائم دینا ہو گا، محنت کرنی ہو گی اور اتنا ذہن اور صلاحیت بھی ہونی چاہئے۔ ٹرین چلانے والا برسوں کام کر کے پھر کہیں جا کر ماہر (Expert) ہوتا ہے۔ پہلے لیکچرار ہوتے ہیں پھر برسوں بعد پروفیسر بنتے ہیں۔ عموماً سالوں تجربے کے بعد بندہ کسی اعلیٰ عہدے تک پہنچتا ہے۔ الحاصل کہیں شاٹ کٹ ہے اور کہیں شاٹ کٹ نہیں۔

**سوال:** اِس ہفتے کا رِسالہ **"امیرِ اہلِ سنت کا پہلا حج"** پڑھنے یا سُننے والوں کو جانشینِ امیرِ اہلِ سنت نے کیا دُعا دی؟

**جواب:** یا اللہ پاک! جو کوئی 17 صفحات کا رِسالہ **"امیرِ اہلِ سنت کا پہلا حج"** پڑھ یا سُن لے اُسے بار بار حج وزیارتِ مدینہ سے نواز کر بِلا حساب وکتاب جنّتُ الفردوس میں اپنے پیارے پیارے آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا پڑوس نصیب فرما۔ اٰمِیْن بِجَاہِ خاتم النَّبِیّٖن صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم۔

Pakistan Mushawrat Office (Dawateislami)